بڑی خدمت ہوگی۔

پاکستان اور مسلمان۔ از انیس الرحمٰن صاحب تقطیع کلاں ضخامت ۸۰ صفحات۔ طباعت وکتابت متوسط قیمت درج نہیں، پتہ بھی ٹھیک درج نہیں ہے۔ غالباً دفتر یوپی پراونشل کانگریس کمیٹی الہ آباد سے مل سکتی ہے۔

آج کل ہندوستان کی سیاسیات وطنی میں پاکستان کا مسئلہ سب سے بڑا موضوع بحث بنا ہوا ہے۔ مخالف اور موافق دونوں طرف سے تقریروں اور تحریروں کی بھرمار ہو رہی ہے۔ زیر تبصرہ ضخیم رسالہ بھی اس سلسلہ کی ہی ایک کڑی ہے جو "سلسلہ ہندوستانی سیاسیات" کا نمبر ۲ ہے۔

اس رسالہ کے شروع میں انڈین نیشنل کانگریس اور اس کے بعد بعض اور انجمنوں کے قیام کا اجمالی تذکرہ ہے۔ پھر پاکستان کی اسکیم کے بعض مصنفوں اور حامیوں کے بیانات کو سامنے رکھ کر پاکستان کی اسکیم پر سنجیدہ بحث کی گئی ہے۔ اور یہ ثابت کیا گیا ہے کہ اسکیم مسلمانوں کے لیے مضرت رساں ہوگی۔ اور جس طرح مسلمان جداگانہ انتخاب و نیابت سے تیس سال کی طویل مدت میں کوئی سیاسی فائدہ حاصل نہیں کر سکے۔ اسی طرح وہ اس اسکیم سے بھی اپنے درد کا درماں نہیں پا سکتے۔ اثنائے بحث میں لائق مؤلف کے قلم سے بعض ایسی باتیں نکل گئی ہیں جن سے ہم متفق نہیں ہیں مثلاً یہ کہ "قومیت کا دار و مدار وطن پر ہے" اور یہ کہ "مسلمانوں کا خود اپنا کوئی مخصوص کلچر نہیں ہے" پھر اشتراک زبان سے متعلق جو کچھ لکھا ہے وہ بھی محل نظر ہے۔ جو لوگ پاکستان کی اسکیم پر مخالف و موافق دونوں قسم کے دلائل معلوم کرنا چاہتے ہیں انہیں اس کا بھی مطالعہ کرنا چاہیے، اور سنجیدگی سے اس سوال پر غور کرنا چاہیے۔

شعر العرب۔ از مولوی ہبۃ اللہ صاحب مولوی فاضل تقطیع کلاں ضخامت ۲۳ صفحات طباعت کتابت معمولی قیمت ۶؍ پتہ:۔ ادارۂ ترقی تعلیم اسلامی حیدر آباد دکن۔

یہ ایک مختصر سا رسالہ ہے جس کا مقصد اردو خواں طبقہ کو جو عربی سے واقف نہیں ہے عرب کی شعر و شاعری سے متعارف کرانا ہے۔ موضوع نہایت اہم ہے۔ اور اس میں بھی شبہ نہیں کہ اس موضوع کا حق